# ساتویں بین الاقوامی اردو سماجی علوم کانگریس

## ۲۶-۲۷ فروری ۲۰۲۵



## پائیدار ترقی کے اہداف:
## سماجی علوم کی
## نئی سرحدیں

اسکول برائے فنون و سماجی علوم

بہ اشتراک

مرکز برائے مطالعاتِ نسواں اور

البیرونی مرکز برائے مطالعاتِ سماجی شمولیت

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

حیدرآباد، تلنگانہ، انڈیا

# پائیدار ترقی کے اہداف : سماجی علوم کی نئی سرحدیں

پائیدار ترقی کے اہداف دنیا کے سب سے دیرینہ مسائل سے نمٹنے کے لیے ایک عالمی عزم کی ترجمانی کرتے ہیں۔ سال 2015 میں اقوام متحدہ کے تمام رکن ممالک نے ان 17 باہم مربوط اہداف کو اپنایا، جن کا مقصد کرۂ ارض کے تحفظ کے ساتھ ساتھ امن، خوشحالی، اور مساوات کو فروغ دینا ہے۔ ان اہداف کے نفاذ میں اقتصادی، ماحولیاتی، اور سیاسی نقطہ نظر پر کافی توجہ دی گئی ہے، مگر سماجی علوم کے اہم کردار پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی ہے۔

پائیدار ترقی کے اہداف سماجی، ثقافتی، اور رویہ جاتی پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک مربوط حکمت عملی کے متقاضی ہیں۔ غربت اور بھوک کے خاتمے سے لیکر معیاری تعلیم اور صنفی مساوات کے حصول تک، سماجی علوم پیچیدہ سماجی حرکیات کو سمجھنے، پالیسی پر اثر ڈالنے، اور موثر حکمت عملی کو اختیار کرنے کے لیے تجزیاتی فریم ورک اور طریقہ کار فراہم کرتے ہیں۔ تاہم، ان اہداف کے حصول میں سماجی علوم کی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے ان کے تحقیقی دائرہ کار کو وسعت دینے کی شدید ضرورت ہے۔

ساتویں بین الاقوامی اردو سماجی علوم کانگریس، اسکول برائے فنون و سماجی علوم، مرکز برائے مطالعاتِ نسوان اور البیرونی مرکز برائے مطالعاتِ سماجی شمولیت، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اشتراک سے "پائیدار ترقی کے اہداف: سماجی علوم کی نئی سرحدیں" کے موضوع پر منعقد کی جا رہی ہے۔ اس کانگریس کا مقصد پائیدار ترقی کے تناظر میں سماجی علوم کے نظریات اور عملی اقدامات کے درمیان خلا کو پُر کرنے کے علاوہ بین موضوعاتی مباحث اور تعاون کے ذریعے قابلِ عمل حل تلاش کرنا ہے۔ اس کانگریس میں سماجی علوم میں ابھرتے رجحانات، نظریات اور تحقیق کے نئے طریقوں کو پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے استعمال کرنے پر غور و فکر کیا جائے گا۔

## کانگریس کے مقاصد

- یہ کانگریس سماجی علوم کے مختلف شعبہ جات جیسے تاریخ، سماجیات، سیاسیات، نظم و نسق عامہ، معاشیات، سوشل ورک، مطالعات نسوان، اور اسلامیات کے ذریعے پائیدار ترقی کے اہداف سے وابستہ مسائل کو سمجھنے اور ان کا حل تلاش کرنے کے امکانات کا جائزہ لے گی۔
- اس کانگریس کا ایک اہم مقصد محققین، پالیسی سازوں، منتظمین، اور سماجی کارکنوں کے درمیان بین موضوعاتی اور کثیر موضوعاتی مکالے کو فروغ دینا ہے تاکہ بہترین طریقے، تحقیقی نتائج، اور قابلِ عمل حلوں کا تبادلہ کیا جا سکے۔
- یہ کانگریس سماجی علوم میں تحقیق کے ابھرتے ہوئے رجحانات کا جائزہ لے گی، جیسے ڈیجیٹل طریقے، سماجی نیٹ ورک کا تجزیہ، اور عملی تحقیق وغیرہ، جو پائیدار ترقی میں سماجی جہتوں کو سمجھنے میں معاون ہو سکتے ہیں۔
- اس کانگریس کے ذریعے یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ سماجی اختراعات، نئے طریقے، خیالات، اور ٹیکنالوجی کس طرح مقامی، قومی، اور عالمی سطح پر پائیدار ترقی پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔
- یہ کانگریس حکومتوں اور بین الاقوامی تنظیموں کے ذریعہ پائیدار ترقی کی حکمت عملیوں اور مداخلتوں میں سماجی علوم کی بصیرت کو شامل کرنے کے لیے ٹھوس پالیسی سفارشات پر غور و فکر کرے گی۔
- سال 2030 تک پائیدار ترقی کے اہداف کو حاصل کرنے کی جدوجہد میں سماجی علوم کو بھی شریک ہونے کی ضرورت ہے۔ یہ کانگریس اس مقصد کے تحت دنیا کے سلگتے سماجی، معاشی اور ماحولیاتی مسائل کو حل کرنے کے لئے سماجی علوم میں تحقیق پر مبنی اختراعی حل تلاش کرنے کی کوشش کرے گی۔ سماجی علوم کی نئی سرحدیں اور طریقوں کے ذریعہ ایک منصفانہ، شمولیتی اور پائیدار مستقبل کی راہ ہموار کی جاسکتی ہے۔

# کانگریس کا موضوع اور ذیلی موضوعات

بین الاقوامی اردو سماجی علوم کانگریس کا موضوع "پائیدار ترقی کے اہداف: سماجی علوم کی نئی سرحدیں" ہے۔ کانگریس میں پائیدار ترقی کے تمام 17 اہداف کے علاوہ درج ذیل ذیلی موضوعات پر بحث و مباحث ہونگے۔

۱ پائیدار ترقی کے اہداف کی عمل آوری میں نظم و نسق عامہ کا رول

۲ موثر کارکردگی اور پائیداری: اقتصادی ترجیحات کی ازسرِنو تعین

۳ پائیدار ترقی کے اہداف: صنف بطور ایک شمولیاتی ایجنڈا اور ثقافتی ابہام

۴ شمولیاتی حکمرانی میں اخلاق اے آئی

۵ صحت، خوشحالی، اور شہری عدم تحفظ : جدید شہری مناظر کی کھوج

۶ پائیدار ترقی کا اسلامی تصور

۷ غربت اور عدم مساوات کا خاتمہ : شمولیاتی ترقی کا سوال

۸ تاریخِ ہند میں ماحولیات، سائنس اور ٹیکنالوجی

۹ امن و انصاف کے فروغ کے لیے پیشہ سوشل ورک

## ہدایات

**کانگریس کا طریقہ کار:** کانگریس ہائبرڈ موڈ میں آن لائن اور آف لائن دونوں صورتوں میں منعقد کی جائے گی ۔ ملک کے اندر سے آنے والے مقالات صرف آف لائن پیش کیے جائیں گے۔

**سفری امداد:** آمد و رفت کے اخراجات کا انتظام شرکاء خود کرلیں۔ کانگریس کی طرف سے کوئی سفری خرچ کا انتظام نہیں ہے۔

**مقامی مہمان نوازی:** کانگریس کے منتظمین کی جانب سے رہائش اور کھانے کا انتظام رہے گا۔ شرکاء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی اضافی خرچ کا خود اہتمام کریں۔

**رہائش:** یونیورسٹی کیمپس میں محدود رہائش بیرونی شرکاء کے لیے دستیاب ہے، جو پہلے آنے والے پہلے پانے کی بنیاد پر 25 فروری دوپہر سے 28 فروری صبح تک ہوگی۔

**رجسٹریشن فیس:** کانگریس میں شرکت کے لئے کوئی رجسٹریشن فیس نہیں ہے۔

**مقالات کے لیے درخواست:** شرکاء سے درخواست ہے کہ وہ بین الاقوامی کانگریس کے لیے اصل، غیر شائع شدہ اور معیاری تحقیقی مقالات پیش کریں۔

شرکاء اپنے مقالات صرف اردو میں جمع کروا سکتے ہیں۔ذیلی موضوعات پر انفرادی مقالے کی تلخیص 300-500 الفاظ پر مشتمل ہو۔ مکمل مقالہ 4000 سے 6000 الفاظ تک ہونا چاہیے، جو ڈبل اسپیس، جمیل نوری نستالق فونٹ میں، 14 فونٹ سائز ٹیکسٹ کے لیے، 15 سب ہیڈنگ کے لیے، اور 16 مین ہیڈنگ کے لیے ہو۔
حوالہ جات کا طریقہ APA (7th Edition) کے مطابق ہو ۔ تلخیص اور مکمل مقالات کو ورڈ فارمیٹ میں اس ای میل پر بھیجا جا سکتا ہے۔ 7iussc25@gmail.com

رجسٹریشن کے لئے
کوڈ کو سکیان کریں

یا اس لنک کو کھولیں

https://forms.gle/AoEPA1SbGbvPtwgy9

# اہم تاریخیں

| | |
|---|---|
| تلخیص جمع کرنے کی آخری تاریخ | ۲۰ جنوری ۲۰۲۵ |
| تلخیص کے قبول کئے جانے کی اطلاع | ۲۵ جنوری ۲۰۲۵ |
| مکمل مقالہ جمع کرنے کی آخری تاریخ | ۱۵ فروری ۲۰۲۵ |
| کانگریس کی تاریخ | ۲۶-۲۷ فروری ۲۰۲۵ |

# مجلس انتظامیہ

سرپرت اعلیٰ : پروفیسر سید عین الحسن، عزت مآب شیخ الجامعہ، مانو، حیدرآباد

سرپرست : ڈاکٹر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مانو، حیدرآباد

کنوینر : پروفیسر شاہدہ، ڈین، اسکول برائے فنون و سماجی علوم و ڈیرکٹرمرکزبرائے مطالعاتِ نسوان، مانو، حیدرآباد

معاون کنوینر : پروفیسر دانش معین، ڈائرکٹر، البیرونی مرکز برائے مطالعات سماجی شمولیت،مانو، حیدرآباد

معاون کنوینر : پروفیسر آیئنہ تحسین، صدر، شعبہ تعلیمِ نسوان، مانو، حیدرآباد

کوآرڈینیٹر : پروفیسر سید نجی اللہ، صدر، شعبہ نظم و نسق عامہ، مانو، حیدرآباد

معاون کوآرڈینیٹر: ڈاکٹر بیبیکانندا نائک، اسوسیئٹ پروفیسر، شعبہ سماجیات، مانو، حیدرآباد

معاون کوآرڈینیٹر: ڈاکٹر محمد آفتاب عالم، شعبہ سوشل ورک، مانو، حیدرآباد

## اراکین

پروفیسر فریدہ صدیقی، صدر، شعبہ معاشیات، مانو، حیدرآباد

پروفیسر محمد شاہد، صدر، شعبہ سوشل ورک، مانو، حیدرآباد

پروفیسر افروز عالم، صدر، شعبہ سیاسیات مانو، حیدرآباد

پروفیسر رفیع اللہ اعظمی، صدر، شعبہ تاریخ، مانو، حیدرآباد

پروفیسر محمد حبیب، صدر، شعبہ اسلامک اسٹڈیز، مانو، حیدرآباد

ڈاکٹر کے۔ایم۔ ضیاء الدین، صدر، شعبہ سماجیات، مانو، حیدرآباد

## رابطہ

پروفیسر سید نجی اللہ،
صدر، شعبہ نظم و نسق عامہ و
کوآرڈینیٹر، بین الاقوامی اردو سماجی علوم کانگریس
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی،
حیدرآباد تلنگانہ، انڈیا۔
موبائل نمبر: 9705704939
ای میل: 7iussc25@gmail.com